آپنے حضرت فاطمہؓ کے کان میں کوئی بات کہی وہ رونے لگیں پھر کچھ پوشیدہ کہا سو وہ ہنسنے لگیں عائشہؓ

عائشۃ فسألتہا عن ذلک فقالت ما کنت لافشی سر رسول اللہ صلی
کہتی ہیں میں نے پوچھا وہ کیا بات ہے سو فاطمہؓ نے جواب دیا میں وہ نہیں ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھید

[illegible]

وسلم وهو يوعك وعكاً شديداً فقلت يا رسول الله انك لتوعك وعكاً
خدمت میں حاضر ہوا اور آپکو بہت شدت سے گرم بخار ہو رہا تھا پس میں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپکو بڑی شدت سے
شديداً قال اجل اني اوعك كما يوعك رجلان منكم قلت ذلك بان لك
گرم تپ ہے فرمایا ہاں مجھکو اتنی گرم تپ ہے جتنی تم میں سے دو شخصوں کو ہوتی ہے میں نے عرض کیا یہ اسلئے کہ آپکو دوہرا ثواب ہے
اجرين قال اجل ذلك كذلك ما من مسلم يصيبه اذى شوكة فما فوقها
فرمایا ہاں ایسا ہی ہے کوئی مسلمان نہیں ہے کہ اسکو کانٹے کی یا اس سے زیادہ تکلیف ہوتی ہو
الا كفر الله بها سيئاته كما تحط الشجرة ورقها رواه البخاري وعن عائشة
مگر اللہ اسکے سبب اسکے گناہ دور کر دیتا ہے جیسے درخت اپنے پتے گرا دیتا ہے اسکو بخاری نے روایت کیا ہے اور عائشہ سے روایت
قالت لما اشتد وجعه قال صبوا علي من سبع قرب لم تحلل اوكيتهن لعلي
کہتی ہیں جب حضرت کا مرض سخت ہو گیا تو فرمایا میرے اوپر سات مشکیں جنکے سر بند ہوں نہ کھولے گئے ہوں ڈالو شاید کہ
استريح فاعهد الى الناس قالت عائشة فاجلسناه في مخضب لحفصة
مجھکو راحت ہو پس لوگوں سے عہد کروں عائشہ کہتی ہیں پھر ہمنے حضرت کو حفصہ کے مسی لگن میں
من نحاس وسكبنا عليه الماء حتى طفق يشير الينا ان قد فعلتن ثم خرج
بٹھایا اور ان پر پانی ڈالنا شروع کیا یہانتک کہ ہماری طرف اشارہ کرنا شروع کیا کہ بس ہو چکا پھر نکلے
فقام يومئذ خطيبا فحمد الله واثنى عليه واستغفر للشهداء الذين
اور اس دن خطبہ پڑھنے کھڑے ہوئے پس اللہ کی حمد و ثنا کی اور ان شہیدوں کیلئے جو احد کے دن
قتلوا يوم احد ذكر امتداد مرضه صلى الله عليه وسلم كانت
مارے گئے تھے مغفرت کی دعا مانگی ذکر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مرض کی امتداد کا حضرت کے
مدة علته اثني عشر يوما وقيل ثلاثة عشر يوما وقال رسول الله صلى
بیماری کی مدت کے بارہ دن ہیں اور کوئی تیرہ دن کہتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ
الله عليه وسلم في مرضه سدوا هذه الابواب الشوارع الى المسجد الا باب
وسلم نے اپنے مرض میں فرمایا یہ دروازے جو مسجد میں آتے جاتے ہیں سب بند کرو مگر دروازہ
ابي بكر فاني لا اعلم رجلا احسن يدا عندي في الصحابة من ابي بكر
ابوبکر کا کیونکہ میں صحابہ میں سے اپنے اوپر احسان کرنے والا ابوبکر سے زیادہ کسی کو نہیں جانتا
وفي رواية سدوا عني كل خوخة في هذا المسجد غير خوخة ابي بكر رض
اور ایک روایت میں ہے کہ میری طرف سے ساری کھڑکیاں اس مسجد کی بجز کھڑکی ابوبکر کے بند کر دو

سلہ وعکا بخار کی تپ ۱۲ سلہ مخضب لگن ۱۲ سلہ قرب مشک ۱۲ سلہ مختصر

مرضه فقال النبي صلى الله عليه وسلم لعبد الله بن زمعة اخرج وقل لابي بكر
بیماری میں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ بن زمعہ کو فرمایا جا اور ابوبکر سے کہہ کہ

يصلي فخرج فلم يجد على الباب الا عمر في جماعة ليس فيهم ابو بكر فقال يا عمر
نماز پڑھاوے سو عبد اللہ بن زمعہ باہر نکلا اور دروازہ پر سوا عمر کے نہ پایا وہ بھی جماعت میں تھے کہ ان میں ابوبکر نہ تھے عبد اللہ بن زمعہ نے کہا اے عمر

صل بالناس فلما كبر وكان رجلا صيتا سمع النبي صلى الله عليه وسلم صوته
لوگوں کو نماز پڑھاوے جب عمر نے اللہ اکبر کہا اور وہ بلند آواز تھے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انکی آواز سنی

فقال يابى الله والمسلمون الا ابا بكر ثلث مرات قال فقال عمر لعبد الله
تب فرمایا اللہ اور مسلمان انکار کرتے ہیں مگر ابوبکر کے واسطے تین مرتبہ فرمایا راوی کہتا ہے کہ پھر عمر نے عبد اللہ بن

بن زمعة بئس ما صنعت كنت ارى ان رسول الله صلى الله عليه وسلم امرك
زمعہ سے کہا تو نے کیا برا کیا میں تو یہ جانتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تجھکو یہ فرمایا ہے کہ

ان تامرني قال لا والله وما امرني ان امر احدا وروي ان بلالا اذن فوقف
مجھکو کہدے عبد اللہ بن زمعہ نے کہا نہیں اللہ کی قسم مجھکو یہ نہیں فرمایا تھا کہ کسی کو کہوں اور روایت ہے کہ بلال نے اذان کہی پھر

على الباب فقال السلام عليك يا رسول الله صلى الله عليه وسلم يرحمك الله
دروازہ پر کھڑا ہوا اور کہا السلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تجھکو اللہ رحمت کرے

فقال مر ابا بكر يصلي بالناس فخرج بلال ويده على راسه وهو ينادي
آپ نے فرمایا کہ ابوبکر سے کہہ کہ لوگوں کو نماز پڑھاوے سو بلال باہر چلا اور ہاتھ اسکا اسکے سر پر تھا اور وہ پکارتا تھا

واغوثاه وانقطاع رجاه وانكسار ظهراه ليتني لم تلدني امي واذا ولدت
ہائے فریاد اور رجا کا قطع ہونا اور کمر کا ٹوٹ جانا کاش کہ مجھکو میری ماں نہ جنتی اور اگر جنتی تو کاش کہ

لم اشهد من رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا ودخل المسجد وقال يا ابا بكر
میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ حال نہ دیکھتا اور مسجد میں گیا اور کہا اے ابوبکر

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم يامرك ان تتقدم فلما نظر ابو بكر الى مقام
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تجھکو فرماتے ہیں کہ تو پیش امام ہو جب ابوبکر نے رسول اللہ

المسجد من رسول الله صلى الله عليه وسلم وكان رجلا رقيقا لم يتمالك
صلی اللہ علیہ وسلم سے مسجد خالی دیکھی حالانکہ وہ مرد نرم دل تھے نہ تھم سکے

ان خر مغشيا فضج المسلمون فسمع رسول الله صلى الله عليه وسلم الضجيج
آخر غش کھا کر گر پڑے تب مسلمانوں نے غل کیا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ غل سنا اور

عليه وسلم حتى اذا قبض سألتها فقالت انه اسرّ الي فقال ان جبريل كان

انھوں نے دونوں آخر جب حضرت نے وفات پائی تو بیٹی فاطمہؓ سے پوچھا جواب دیا کہ حضرت نے چپکے کان میں فرمایا تھا بیشک جبرئیل ہر سال مجھ

يعارضني بالقرآن في كل عام مرة وانه عارضني العام مرتين ولا اراه الا

سے قرآن کا ایکبار دور کیا کرتا تھا اور امسال جبرئیل نے دوبارہ دور کیا ہے اور میں نہیں جانتا مگر بیشک

حضر اجلي وانك اول اهل بيتي لحوقا بي ونعم السلف انا لك فبكيت لذلك

میری اجل آگئی ہے اور بیشک تو میری اہل بیت میں سے مجھ سے اول ملنے والی ہے اور میں تیرے لیے کیا اچھا میر منزل ہوں تو میں اسلئے روئی

ثم قال الا ترضين ان تكوني سيدة نساء هذه الامة او نساء المؤمنين

پھر فرمایا کیا تو خوش نہیں ہوتی کہ تو اس امت کے سب عورتوں کی سردار رہو یا یہ فرمایا مومنین کی عورتوں کی سردار ہو

فضحكت لذلك ومما وقع في مرضه انه صلى الله عليه وسلم كان يصلي بالناس

پس میں اسلئے ہنس پڑی اور مرض میں کے واقعات میں سے یہ ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم ایام مرض میں لوگوں کی

في مدة مرضه وانما انقطع ثلثة ايام وقيل سبع عشرة صلوة فلما اذن

امامت کیا کرتے تھے اور صرف تین روز امامت بازرہی اور کوئی کہتا ہے سترہ نمازوں میں پھر جب

بالصلوة في وقت امتنع وهي صلوة العشاء قال مروا ابا بكر فليصل

نماز کیلئے اذان ہوئی تو امامت نہیں ہوئی اور وہ عشاء کی نماز تھی تو فرمایا کہ ابوبکرؓ سے کہو کہ وہ لوگوں کو

بالناس وعن الزهري قال النبي صلى الله عليه وسلم لعبد الله بن زمعة مر الناس

نماز پڑھا دے اور زہری سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ بن زمعہ سے فرمایا کہ لوگوں سے کہہ کہ

فليصلوا فخرج عبد الله بن زمعة فلقي عمر بن الخطاب فقال صل بالناس

نماز پڑھ لیں سو عبد اللہ بن زمعہ باہر آیا پس عمر بن خطابؓ سے ملا اور کہا لوگوں کو نماز پڑھا دو سو

فصلى عمر بالناس فجهر بصوته وكان جهير الصوت فسمع رسول الله صلى

پس عمرؓ نے امام ہو کر نماز شروع کی پس اپنی آواز بلند کی اور وہ بلند آواز تھے پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ

الله عليه وسلم صوته فقال اليس هذا صوت عمر فقالوا بلى يا رسول الله صلى

وسلم نے انکی آواز سنی اور فرمایا کیا یہ آواز عمرؓ کی نہیں ہے عرض کیا ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ

الله عليه وسلم فقال يابى الله ذلك والمؤمنون ليصل بالناس ابو بكر كذا

علیہ وسلم تب فرمایا اس سے اللہ اور مومنین انکار کرتے ہیں چاہیے کہ ابوبکرؓ لوگوں کو نماز پڑھا دے منتقی

ذكر في المنتقى وفي شرح المواقف ان بلالا اذن بالصلوة في زمان

میں اسی طرح مذکور ہے اور شرح مواقف میں ہے کہ حضرت کے زمان مرض میں بلالؓ نے نماز کی اذان

لیتاخر فاومی الیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان قم کما انت فجاء رسول

تو رک گیا تب رسول اللہ صلے اللہ علیہ و سلم نے انکی طرف یہ اشارہ کیا تو جیسے کھڑا ہے کھڑا رہ پھر رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی جلس عن یسار ابی بکر فکان رسول اللہ صلی اللہ

صلے اللہ علیہ و سلم آکر ابو بکرؓ کے بائیں طرف بیٹھ گئے پھر رسول اللہ صلے اللہ

علیہ وسلم یصلی بالناس قاعدا وابو بکر قائما یقتدی ابو بکر بصلوۃ النبی

علیہ وسلم تو لوگوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے نماز پڑھتے تھے اور ابو بکرؓ کھڑے تھے ابو بکرؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

صلی اللہ علیہ وسلم والناس یقتدون بصلوۃ ابی بکر وفی سیرۃ ابن ہشام

سلم کی نماز کے مقتدی ہو گئے تھے اور لوگ ابو بکرؓ کی نماز کے مقتدی تھے اور سیرۃ ابن ہشام میں ہے

فلما خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تفرج الناس فعرف ابو بکر ان

جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو لوگ سرکنے لگے پس ابو بکرؓ سمجھ گئے کہ

الناس لم یصنعوا ذلک الا لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فنکص عن

لوگوں نے یہ حرکت نہیں کی مگر صرف رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے واسطے تو سوا اپنی نمازگاہ سے

مصلاہ فدفع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ظہرہ وقال صل بالناس

پیچھے ہٹنے لگے تب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے انکی کمر میں اشارہ کیا اور فرمایا کہ نماز پڑھا دے

وجلس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی جنبہ فصلی قاعدا عن یمین ابی بکر

اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان کے پہلو کی طرف بیٹھ گئے اور ابو بکرؓ کے داہنی طرف بیٹھ کر نماز پڑھی

فلما فرغ من الصلوۃ قال ابو بکر یا رسول اللہ انی اراک قد اصبحت

پھر جب نماز پڑھ چکے ابو بکرؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ میں آپکو دیکھتا ہوں کہ آج

بنعمۃ من اللہ وفضل کما نحب والیوم یوم بنت خارجۃ افآتیہا قال نعم ثم دخل

اور فضل سے اب اچھے ہو گئے جیسا ہم چاہتے ہیں آجکا دن بنت خارجہ کی باری کا ہے کیا انکے پاس چلا جاؤں فرمایا ہاں پھر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وخرج ابو بکر الی اہلہ بالسنح والمرویات

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم گھر میں داخل ہوئے اور ابو بکرؓ اپنی اہل کی طرف سنح کو چلے گئے اور روایتیں

متعارضۃ فی ان الامام کان ابا بکر وروی عن ابن عباس انہ قال لم

ایک دوسرے کی باہم تعارض کرتی ہیں اس مطلب میں کہ ابو بکرؓ ہی امام تھے اور ابن عباس سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ

یصل النبی صلی اللہ علیہ وسلم خلف احد من امتہ الا خلف ابی بکر وصلی

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت میں سے بجز ابو بکرؓ کے کسی کے پیچھے پوری نماز نہیں پڑھی اور

وقال یا فاطمة ما هذه الضجة قالت یا رسول الله صلی الله علیه وسلم ضجة

پوچھا فاطمہؓ یہ کیا غل ہے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں مسلمان

المسلمین لفقدك فدعا بعلی وابن عباس فاتکأ علیهما وخرج الی المسجد

اپنے وفات کرتے ہیں پھر حضرت نے علیؓ اور ابن عباسؓ کو بلایا اور دونوں پر سہارا لگایا اور مسجد کیطرف تشریف لیگئے

وصلی ثم قال یا معشر المسلمین انتم فی وداع الله وکنفه والله خلیفتی

اور نماز پڑھی پھر فرمایا اے مسلمانوں تم اللہ کی رخصت اور اللہ کی پناہ میں ہو اور اللہ کی پرہیزگاری

علیکم بتقوی الله وحفظ طاعته فانی مفارق الدنیا وعن عائشة رض

اور اسکی طاعت کی حفاظت سے میرا خلیفہ ہے کیونکہ میں اب دنیا کو چھوڑنے والا ہوں اور عائشہؓ سے روایت ہے

قالت لما ثقل رسول الله صلی الله علیه وسلم جاء بلال یؤذنه بالصلوة فقال

کہتی ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیماری ہوگئے تو بلالؓ آیا نماز کیواسطے اطلاع کرتا تھا آپ نے فرمایا

مروا ابا بکر فلیصل بالناس قلت یا رسول الله صلی الله علیه وسلم ان ابا بکر

ابوبکرؓ سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھا دے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیشک ابوبکرؓ

رجل اسیف وانه متی یقوم مقامك لا یسمع الناس فلو امرت عمر فقال مروا

مرد نرم دل ہے اور جب وہ آپکی جگہ کھڑا ہوگا تو لوگوں تک آواز نہ پہنچا سکے گا آپ عمرؓ کو فرماویں تو اچھا ہو پھر حضرت نے فرمایا

ابا بکر فلیصل بالناس قالت فقلت لحفصة قولی له فقالت له حفصة

ابوبکرؓ سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھا دے عائشہؓ کہتی ہیں پھر میں نے حفصہؓ سے کہا تو عرض کر تب حفصہؓ نے عرض کیا

یا رسول الله صلی الله علیه وسلم ان ابا بکر رجل اسیف وانه متی یقوم

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بے شک ابوبکرؓ تو مرد نرم دل ہے اور وہ جب آپکی جگہ

مقامك لا یسمع الناس فلو امرت عمر فقال انکن صواحب یوسف مروا

کھڑا ہوگا تو لوگوں کو نہ سنا سکیگا کاش کہ آپ عمرؓ کو کہیں تب حضرت نے فرمایا تم یوسفؑ کے ساتھ والیاں ہو ابوبکرؓ سے

ابا بکر فلیصل بالناس فامروا ابا بکر فلما دخل فی الصلوة وجد النبی

کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھا دے راوی کہتا ہے پس ابوبکرؓ سے کہدیا جب ابوبکرؓ نے نماز شروع کی تو نبی

صلی الله علیه وسلم من نفسه خفة فقام یهادی بین رجلین ورجلاه

صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے نفس میں خفت معلوم ہوئی تب کھڑے ہوئے دو شخصوں کے سہارے چلے اور آپکے دونوں

یخطان فی الارض حتی دخل المسجد فلما سمع ابوبکر حسه ذهب

قدم مبارک زمین پر گھسٹتے تھے یہانتک کہ مسجد میں داخل ہوئے جب ابوبکرؓ نے آہٹ پائی تو پیچھے ہٹنے کا

[illegible]

امرني [illegible] وروى هذه الرواية ابو داؤد والدارمي معناه فقال المغيرة ثم

ركب وركبت فانتهينا الى القوم وقد قاموا الى الصلوة ويصلي بهم

عبد الرحمن بن عوف وقد ركع بهم ركعة فلما احس بالنبي صلى الله عليه

وسلم ذهب يتأخر فأومى اليه فادرك النبي صلى الله عليه وسلم احدى الركعتين

معه فلما سلم قام النبي صلى الله عليه وسلم وقمت معه فركعنا الركعة التي سبقتنا

رواه مسلم ذكره في المشكوة وروى عن رافع بن عمرو بن عبيد عن ابيه انه

قال لما ثقل النبي صلى الله عليه وسلم عن الخروج امر ابا بكر ان يقوم

مقامه فكان يصلي بالناس وربما خرج النبي صلى الله عليه وسلم بعد ما

دخل ابو بكر في الصلوة فيصلي خلفه ولم يصل خلف احد غيره الا انه

صلى الله عليه وسلم صلى خلف عبد الرحمن بن عوف ركعة واحدة في سفر

وفي اسد الغابة عن الحسن البصري عن علي بن ابي طالب قال قدم رسول الله

صلى الله عليه وسلم ابا بكر وصلى بالناس وانا شاهد غير غائب وانا صحيح

غير مريض ولو شاء ان يقدمني لقدمني فرضينا لدنيانا من رضي الله

خلف عبد الرحمن بن عوف في سفر ركعة واحدة عن ابي سلمة بن عبد الرحمن بن عوف
عبد الرحمن بن عوف کے پیچھے ایک سفر میں صرف ایک رکعت پڑھی ہے اور ابو سلمہ بن عبد الرحمن بن عوف اپنے باپ سے
عن ابيه انه كان مع النبي صلى الله عليه وسلم في سفر غزوة فذهب النبي صلى الله عليه وسلم
روایت کرتا ہے کہ وہ ایک سفر جہاد میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی حاجت کو
لحاجته فاقاموا الصلوة وتقدم عبد الرحمن فجاء النبي صلى الله عليه وسلم
تشریف لے گئے لوگوں نے نماز شروع کر دی اور عبد الرحمن آگے کھڑے ہو گئے پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور
عبد الرحمن قد صلى بهم ركعة ورسول الله صلى الله عليه وسلم صلى مع الناس
عبد الرحمن ان کے ساتھ ایک رکعت پڑھ چکا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے ساتھ ان کے پیچھے
خلفه واتم الذي فاته وقال ما قبض نبي حتى يصلي خلف صالح من امته كذا في
نماز پڑھی اور جو رہ گئی تھی پوری کر لی اور فرمایا کسی نبی نے وفات نہیں پائی جب تک کہ اپنی امت میں سے کسی نیک کے پیچھے نماز نہ پڑھ لی ہو
الصفوة وعن المغيرة بن شعبة انه غزى مع رسول الله صلى الله عليه وسلم
صفوۃ میں ہے اور مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے کہ وہ جنگ تبوک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
غزوة تبوك قال المغيرة فتبرز رسول الله صلى الله عليه وسلم قبل الغائط
کے ساتھ جہاد کو گیا مغیرہ بیان کرتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح سے پہلے قضاء حاجت
فحملت معه اداوة قبل الفجر فلما رجع اخذت اهريق على يديه من الاداوة
کی طرف متوجہ ہوئے سو میں آپ کے ساتھ پانی کا برتن لے چلا جب آپ لوٹ کر تشریف لائے تو میں حضرت کے دونوں ہاتھوں پر
فغسل يديه ووجهه وعليه جبة من صوف فذهب يحسر عن ذراعيه
پانی ڈالنا شروع کیا سو آپ نے دونوں ہاتھ اور منہ دھویا اور آپ صوف کا جبہ پہنے تھے سو اپنی کلائیوں کو نکالنے لگے
فضاق كم الجبة فاخرج يديه من تحت الجبة والقى الجبة على منكبيه وغسل
جبہ کی آستینیں تنگ تھیں تب آپ نے دونوں ہاتھ جبہ کے اندر سے نکال لئے اور جبہ کندھوں پر ڈال لیا اور
ذراعيه ثم مسح بناصيته وعلى العمامة ثم اهويت لانزع خفيه فقال
دھوئے پھر ناصیہ پر اور عمامہ پر مسح کیا پھر میں آپ کے موزے نکالنے کو جھکا فرمایا
دعهما فاني ادخلتهما طاهرتين فمسح عليهما وفي رواية عن المغيرة
رہنے دو ان کو کیونکہ میں نے پاکی پر پہنے تھے سو آپ نے موزوں پر مسح کر لیا اور مغیرہ سے ایک روایت میں ہے کہ
قلت يا رسول الله صلى الله عليه وسلم نسيت قال بل انت نسيت بهذا
میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ بھول گئے فرمایا بلکہ تو بھولا مجھ کو میرے رب کا

حتى انفقها عن سهل بن سعد قال كانت عند رسول الله صلى الله عليه وسلم

یہاں تک کہ خرچ کر دیے اور سہل بن سعد سے روایت ہے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

سبعة دنانير ووضعها عند عائشة فلما كان في مرضه قال يا عائشة

سات دینار تھے اور وہ عائشہؓ کے پاس رکھ چھوڑے تھے جب آپ صلعم بیمار ہوئے تو فرمایا اے عائشہ

ابعثي بالذهب ثم اغمي عليه وشغل عائشة ضمارها حتى قال ذلك ثلث

وہ دینار لا دے پھر بیہوش ہو گئے اور عائشہؓ اس بیماری کی خدمت میں لگ گئیں یہاں تک کہ آپ نے یہی تین دفعہ

مرات كل ذلك يغمى عليه وتشغل عائشة ما به فبعثت بها الى علي فتصدق

فرمایا اور ہر بار بیہوش ہو گئے اور عائشہؓ [illegible] مشغول رہیں پھر وہ دینار علیؓ کے پاس بھیج دیے علیؓ نے خیرات کر دیے

بها ثم امسى رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة الاثنين في جديد الموت

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیر کی شب کو موت کی سختی میں مبتلا ہو گئے

فارسلت عائشة الى امراة من النساء بمصباحها فقالت اقطري لنا في مصباحنا

پس عائشہؓ نے عورتوں میں سے کسی ایک کے پاس اپنا چراغ بھیجا اور کہا ہمارے واسطے ہمارے چراغ میں

من عكة السمن فان رسول الله صلى الله عليه وسلم في جديد الموت

اپنے پاس سے تیل ڈال دے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موت کی سختی میں ہیں

في رواية قال لعائشة وهي مسندة الى صدرها يا عائشة ما فعلت

ایک روایت میں ہے کہ عائشہؓ سے فرمایا [illegible] اے عائشہ [illegible]

بذلك الذهب قالت هو عندي قال فانفقيه فغشي على رسول الله صلى الله

سونا کیا کیا عرض کیا وہ میرے پاس ہے فرمایا اس کو خیرات کر دے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر

عليه وسلم وهو على صدرها فلما افاق عليه الصلوة والسلام قال انفقت

غشی طاری ہو گئی اور حضرت عائشہؓ کے سینہ پر تھے جب علیہ الصلوٰۃ والسلام کو افاقہ ہوا تو پوچھا

تلك الذهب يا عائشة قالت لا فدعا بها ووضعها على كفه فقال ما ظن

وہ سونا خیرات کر دیا عرض کیا نہیں پھر وہ دینار منگالئے اور ہاتھ میں لیکر فرمایا محمد کو کیا خیال ہے

محمد ان لو لقي الله وهذه عنده فانفقها كلها ومات من ذلك

کہ جا ملے اللہ سے تو یہ سونا اس کے پاس ہو پھر وہ سب خیرات کر دیے اور [illegible]

اليوم ومما وقع في مرضه انه صلعم خير عند موته قالت عائشة كنت

وفات پائی [illegible] [illegible] حضرت عائشہؓ [illegible]

ورسوله لدينا ومما وقع في مرضه انه صلى الله عليه وسلم اشتد وجعه

اور اسکے رسول نے ہمارے دین کے واسطے پسند کیا اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی واقعات مرض میں سے ہے کہ جمعرات کے دن

يوم الخميس فاراد ان يكتب كتابا فقال لعبد الرحمن بن ابي بكر ائتني

آپکے مرض نے سختی کی تو ارادہ کیا کہ ایک نوشتہ لکھدیں سو عبد الرحمن بن ابی بکر سے فرمایا کہ میرے پاس شانہ کی

بكتف ولوح اكتب لابي بكر كتابا لا يختلف عليه فلما ذهب عبد الرحمن

ہڈی یا تختی لاؤ کہ میں ابو بکر کے واسطے نوشتہ لکھدوں کہ اسپر اختلاف نہ ہووے جب عبد الرحمن

ليقوم قال ابى الله والمؤمنون ان يختلف عليك يا ابا بكر عن ابن عباس

کھڑا ہونیکو ہوا تو فرمایا اللہ اور مومن انکار کرتے ہیں کہ اے ابو بکر تجھپر اختلاف کریں ابن عباس سے روایت ہے کہ

لما حضر رسول الله صلى الله عليه وسلم وفي البيت رجال منهم عمر بن الخطاب

جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات کا وقت نزدیک آیا اور گھر میں بہت لوگ تھے از انجملہ عمر بن الخطاب تھے

قال النبي صلى الله عليه وسلم هلم اكتب لكم كتابا لا تضلوا بعده فقال عمر ان

تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آؤ میں تمکو ایسا نوشتہ لکھدوں کہ بعد اسکے تم گمراہ نہو پس عمر نے کہا کہ

رسول الله صلعم قد غلب عليه الوجع وعندكم القرآن حسبنا كتاب الله فاختلف

رسول اللہ صلعم پر مرض کا غلبہ ہے اور تمہارے پاس قرآن موجود ہے اور ہمکو کتاب اللہ کافی ہے پس اہل بیت

اهل البيت فاختصموا منهم من يقول قربوا يكتب لكم رسول الله

اختلاف اور خصومت کرنے لگے بعضے وہ کہ کہتے تھے لوح لے آؤ کہ رسول اللہ صلے اللہ

صلى الله عليه وسلم كتابا لا تضلوا بعده ومنهم من يقول ما قال عمر

علیہ وسلم تمہارے واسطے ایسا نوشتہ لکھدیں کہ پھر تم گمراہ نہوگے اور بعضے وہ کہ وہی قول کہتے تھے جو عمر کہتے تھے

فلما اكثر اللغط والاختلاف قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قوموا

جب غل غپاڑا اور اختلاف بڑھ گیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس سے چلے جاؤ

فكان ابن عباس يقول ان الرزية كل الرزية ما حال بين رسول الله صلى

پھر ابن عباس کہا کرتے تھے بیشک مصیبت سی مصیبت ہے جو کہ درمیان رسول اللہ صلی اللہ

الله عليه وسلم وبين ان يكتب لهم ذلك الكتاب من اختلافهم ولغطهم

علیہ وسلم اور آنکے اس نوشتہ لکھنے میں حائل ہوگئے یعنی ان لوگوں کا اختلاف اور شور و غل

رواه البخاري ومما وقع في مرضه كان له سبعة دنانير فاتوفي

اسکو بخاری نے روایت کیا ہو اور مرض کے واقعات میں سے یہ ہے کہ حضرت صلعم کی ملکیت میں سات دینار تھے سو وفات ہونے لگی

فيمسح بها وجهه ويقول لا اله الا الله ان للموت سكرات ثم نصب يديه
پھر منہ پر پھیر لیتے تھے اور کہتے جاتے تھے لا الہ الا اللہ بیشک موت کی کربت ہوتی ہے پھر ہاتھ کھڑے کئے

فجعل يقول في الرفيق الاعلى حتى قبض ومالت يده واخرج الحاكم وابن
اور کہنا شروع کیا فی الرفیق الاعلیٰ یہاں تک کہ روح نکل گئی اور آپکا ہاتھ جھک گیا اور حاکم نے اور ابن سعد نے

سعد من طرق انه صلى الله عليه وسلم مات وراسه في حجر علي وطرق
کئی طور سے نقل کیا ہے کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی اس حال میں کہ آپکا سر مبارک علیؓ کی گود میں تھا اور حاکم کے تمام

كلها كما قال الحافظ ابن حجر لا تخلو عن شيء فلا يلتفت اليه ومما وقع
طریقے جیسے کہ حافظ ابن حجر کہتا ہے شبہ سے خالی نہیں ہیں سو اسکے طرف کچھ التفات نہیں ہے اور جو واقعات

في مرضه انه كشف الستر يوم الاثنين فنظر الى الناس وهم في صلوة
مرض میں سے یہ ہے کہ حضرت نے پیر کے دن پردہ اٹھایا اور لوگوں کی طرف جب کہ صبح کی نماز پڑھتے تھے

الفجر عن انس ان ابا بكرؓ كان يصلي بهم في وجع رسول الله صلى
دیکھا انسؓ سے روایت ہے کہ ابو بکرؓ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے دنوں میں

الله عليه وسلم الذي توفي فيه حتى اذا كان يوم الاثنين وهم صفوف
وفات پائی نماز پڑھایا کرتے تھے یہاں تک کہ جب پیر کا دن آیا اور لوگ نماز میں صفیں باندھے

في الصلوة وكشف النبي صلى الله عليه وسلم ستر الحجرة ينظر الينا وهو
ہوئے تھے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم حجرہ کا پردہ اٹھاکر ہماری طرف کھڑے ہوئے

قائم كان وجهه ورقة مصحف ثم تبسم فهممنا ان نفتتن من الفرح
دیکھنے لگے گویا آپکا چہرہ مصحف کا ورق تھا پھر تبسم فرمایا سو ہم نے خوشی کے مارے قصد کیا کہ

برؤية النبي صلى الله عليه وسلم فنكص ابو بكرؓ على عقبيه ليصل الصف
نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر نماز توڑ دیں تب ابو بکرؓ ایڑیوں کے بل پیچھے ہٹے کہ صف میں ملجاویں

وظن ان النبي صلى الله عليه وسلم خارج الى الصلوة فاشار الينا النبي
اور خیال کیا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نماز کے واسطے تشریف لاتے ہیں سو نبی صلے اللہ

صلى الله عليه وسلم ان اتموا صلوتكم وارخى الستر فتوفي من يومه
علیہ وسلم نے ہماری طرف اشارہ کیا کہ تم اپنی نماز پوری کرلو اور پردہ ڈالدیا پھر اسی دن وفات پائی

ومما وقع في مرضه ما روي ان ابن عباسؓ وعليا خرجا من عنده
اور حضرت کے مرض کی واردات میں سے یہ بھی مروی ہے کہ ابن عباسؓ اور علیؓ دونوں آپکے پاس سے

[illegible]

اسمع انه لا يموت نبي حتى يخير بين الدنيا والاخرة فسمعت رسول الله

سنا کرتی تھی کہ کوئی نبی وفات نہیں پاتا جب تک کہ اس کو دنیا اور آخرت میں اختیار نہ دیا جائے سو میں نے رسول اللہ صلی اللہ

صلى الله عليه وسلم في اخر مرضه يقول مع الذين انعمت عليهم من النبيين

علیہ وسلم کو سنا کہ حضور مرض میں یہ فرماتے تھے کہ ان کے ساتھ جن پر تو نے انعام کیا انبیاء

والصديقين والشهداء والصالحين وحسن اولئك رفيقا فظننت انه

اور صدیقین اور شہداء اور صلحاء اور وہ کیسے اچھے رفیق ہیں تب میں سمجھی کہ حضور کو

خير وفي رواية مع الرفيق الاعلى في الجنة مع الذين انعم الله عليهم من

اختیار ملا اور ایک روایت میں ہے کہ یہ فرمایا جنت میں رفیق اعلیٰ کے ساتھ ان کے ہمراہ جن پر اللہ نے انعام کیا

النبيين والصديقين والشهداء والصالحين وحسن اولئك رفيقا وهما

انبیاء اور صدیقین اور شہداء اور صلحاء اور وہ کیا اچھے رفیق ہیں اور

وقع في مرضه استعمال السواك قبل موته روي عن عائشة انها كانت

حضرت کے مرض کی وارداتوں میں سے موت سے پہلے سواک کا استعمال کرنا عائشہ سے روایت ہے کہ وہ کہا کرتی تھیں کہ

تقول ان من نعم الله علي ان رسول الله صلى الله عليه وسلم توفي في بيتي

بیشک مجھ پر خدا کی نعمت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے گھر میں

وفي يومي وبين سحري ونحري وفي رواية بين حاقنتي وذاقنتي وان

اور میری باری کے دن اور میری گود اور سینہ میں وفات کی اور ایک روایت میں ہے بین حاقنتی و ذاقنتی اور یہ نعمت ہے کہ

الله عز وجل جمع بين ريقي وريقه عند موته وقد دخل علي عبد الرحمن بن

اللہ عز وجل نے حضرت کے موت کے وقت میرا اور حضرت کا آب دہن جمع کر دیا اور عبد الرحمن بن ابی بکر

ابي بكر وبيده سواك وانا مسندة رسول الله صلى الله عليه وسلم فرايته

میرے پاس آئے اور ان کے ہاتھ میں سواک تھی اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گود میں لئے ہوئے تھی تو حضرت کو

ينظر اليه فعرفت انه يحب السواك فقلت آخذه لك فاشار برأسه

دیکھا کہ ان کی طرف دیکھتے ہیں تو میں سمجھی کہ حضرت کو سواک کا ملنا پسند ہے تو میں نے عرض کیا آپ کے واسطے سواک لے لوں سر سے اشارہ کیا

ان نعم فتناولته فاشتد عليه فقلت الينه لك فاشار براسه ان نعم

کہ ہاں سو میں نے وہ لے کر دی پس آپ کو سخت معلوم ہوئی تو میں نے عرض کیا کہ نرم کر دوں تب سر سے اشارہ کیا کہ ہاں

فلينته فامره وبين يديه ركوة او علبة يدخل يديه في الماء

بس میں نے وہ نرم کر دی پھر آپ نے اس کو لے کر منہ میں پھرائی اور آپ کے سامنے کوزہ یا ڈبیا تھا [illegible] ہاتھ پانی میں ڈال کر [illegible]

يا جبريل مغموماً واجدني يا جبريل مكروباً ثم جاءه من الغد فقال يا محمد ان

[illegible]

الله عز وجل يقرئك السلام ويقول كيف تجدك قال اجدني يا امين الله

[illegible]

وجعاً ثم جاءه في اليوم الثالث ومعه ملك الموت فقال يا محمد

[illegible]

الله عز وجل يقرئك السلام ويقول كيف تجدك قال

[illegible]

اجدني يا امين الله وجعاً من هذا معك قال هذا ملك الموت وهذا

[illegible]

آخر عهدي بالدنيا بعدك وآخر عهدي بها ولن اترحم على هالك من ولد آدم

[illegible]

بعدك ولن اهبط الى الارض الى احد بعدك فوجد النبي صلى الله عليه وسلم

[illegible]

سكرة الموت وعنده قدح فيه ماء فكلما وجد سكرة من ذلك

[illegible]

الماء ومسح به وجهه ويقول اللهم اعني على كربات الموت وعن [illegible]

[illegible]

ان رسول الله صلعم قال في وجعه الذي مات فيه ما زالت اكلة

[illegible]

خيبر تعاودني فهذا اوان انقطاع ابهري قال ابن اسحق ان كان

[illegible]

المسلمون ليرون ان رسول الله صلعم مات شهيداً مع ما اكرمه الله من النبوة

[illegible]

اورده في الشفاء وعن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم

[illegible]

رسول الله صلی الله علیه وسلم فی مرضه فلقیهما رجل فقال کیف اصبح رسول
صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سے مرض کی حالت میں باہر نکلے تہیں آتے کوئی شخص ملا تو پوچھا یا ابوالحسن رسول اللہ
الله صلی الله علیه وسلم یا ابا الحسن فقال اصبح بارئا فقال العباس لعلی
صلے اللہ علیہ وسلم کا مزاج کیسا ہے جواب دیا اچھے ہیں پھر عباسؓ نے علیؓ سے کہا
انت بعد ثلث عبد العصا ثم خلا به فقال انه یخیل لی انی اعرف
تو تین روز کے بعد کسی کا ہو نیوالا ہے پھر الگ ہو کر آپنے کہا میرے خیال میں ایسا ہے کہ میں عبد المطلب
وجوه بنی عبد المطلب عند الموت وانی خائف ان لا یقوم رسول الله صلی
کی اولاد کے بشرہ کو موت کے وقت پہچانتا ہوں اور مجھکو خوف ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
الله علیه وسلم من وجعه فاذهب بنا الیه فلنسأله فان یک هذا الامر
اپنی بیماری سے نجات نپاوینگے سو ہمکو لے چل انکے پاس تاکہ ہم آپ سے پوچھیں اگر یہ امارت ہماری طرف
الینا فعلمنا ذلك وان لا یکن الینا امرناه ان نستوصی بنا خیرا فقال
پہونچے تو ہم اسکو معلوم کرلیں اور اگر ہماری طرف نپہونچے تو اپنے تئیں اچھی وصیت کرالیں تب علیؓ نے
له علی رایت اذا جئناه فلم یعطناها اتری الناس یعطوناها والله
آپنے کہا دیکھو تو جب ہم انکے پاس جاینگے اور وہ ہمکو عطا نہ کیا تم جانتے ہو کہ لوگ ہمکو وہ دینگے اللہ کی قسم
لا اسألها ایاه ابدا ومما جری فی مرضه نزول جبریل علیه السلام
میں تو آپ سے کبھی نہیں پوچھونگا اور حضرت کے مرض کی اور باتوں میں سے جبریل علیہ السلام کا موت
ثلثة ایام قبل موته برسالة من الله یقول له کیف تجدك وکان ذلك
سے پہلے اللہ کیطرف سے رسالت پر تین دن تک آنا پوچھتے تھے آپ کو کیسا پاتے ہو اور جبریل کا آنا
فی یوم السبت والاحد والاثنین واستیذان ملك الموت علیه یوم الاثنین
شنبہ اور یکشنبہ اور دوشنبہ کو ہوا اور ملک الموت کی پروانگی لینی پیر کے دن تھی
روی عن ابی هریرة ان جبریل اتی النبی صلی الله علیه وسلم فی مرضه
ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جبریل علیہ السلام نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس مرض موت میں
الذی قبض فیه فقال ان الله تبارك وتعالی یقرئك السلام ویقول
جسمیں وفات پائی آئے اور عرض کیا اللہ تبارک تعالیٰ آپ کو سلام پہنچاتا ہے اور پوچھتا ہے
کیف تجدك قال اجدنی وجعا یا امین الله وفی بعض الروایات اجدنی
[illegible] اے جبریل [illegible]

حین حضرہ الموت الصلوۃ وما ملکت ایمانکم حتی جعل رسول اللہ صلی اللہ
جب نزع کا وقت آیا تو یہ کہتی تھی نماز قائم اور لونڈی غلاموں کی رعایت کرو یہانتک کہ رسول اللہ صلے اللہ

علیہ وسلم یغرغر بہا فی صدرہ ولا یقبض بہا لسانہ وروی انہ استاذن
علیہ وسلم کے سینہ میں آواز بھرائی تھی اور مسکن تھے آپ کی زبان بات کہنے سے رکی تھی اور روایت ہے کہ ملک الموت نے اذن

علیہ ملک الموت وعندہ جبرئیل فقال جبرئیل یا احمد ہذا ملک الموت یستاذن
لے حضرت سے اجازت لی اور آپکے پاس جبرئیل تھا اور جبرئیل نے عرض کیا یا محمد یہ ملک الموت ہے آپ پر آنیکی اجازت

علیک ولم یستاذن علی آدمی کان قبلک ولا یستاذن علی آدمی بعدک
اور کسی آدمی پر آپ سے پہلے اجازت نہیں لی اور نہ آپ کے بعد کسی آدمی سے اجازت لیگا

قال ائذن لہ فدخل ملک الموت فوقف بین یدیہ فقال یا رسول
فرمایا اسکو آنے دو تب ملک الموت داخل ہوا پھر حضرت کے سامنے کھڑے ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ

یا احمد ان اللہ ارسلنی الیک وامرنی ان اطیعک فی کل ما تامرنی ان
یا احمد اللہ تعالی نے مجھکو آپ کے پاس بھیجا ہے اور مجھکو حکم ہے کہ آپکی اطاعت کروں جو فرماؤ سو کروں اگر آپ

امرتنی ان اقبض نفسک قبضتہا وان امرتنی ان اترکہا ترکتہا قال
فرماتے ہیں کہ آپکی روح پاک قبض کروں تو قبض کرلوں اور اگر آپ فرمائیں چھوڑ دوں تو چھوڑ دوں رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم اوتفعل یا ملک الموت قال بذلک امرت ان اطیعک
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ملک الموت کیا تو کریگا عرض کیا مجھکو یہی حکم ہے

فی کل ما تامرنی قال جبرئیل علیہ السلام ان اللہ قد اشتاق الیک قال
کہ جو کہو سو ہی کروں جبرئیل علیہ السلام نے عرض کیا بیشک اللہ تعالی آپکا مشتاق ہے فرمایا

فامض یا ملک الموت لما امرت بہ قال جبرئیل علیہ السلام یا رسول اللہ
اے ملک الموت وہ کر جو تجھکو حکم ہوا ہے جبرئیل علیہ السلام نے عرض کیا یا رسول اللہ

ہذا آخر موطئی الارض انما کنت حاجتی من الدنیا فتوفی رسول اللہ صلی اللہ
یہ میرا زمین پر آنا آخری ہے دنیا میں سے میرا مقصود آپ ہی تھے پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

علیہ وسلم وفی الاکتفاء قالت عائشۃ توفی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے وفات پائی اور اکتفاء میں ہے کہ عائشہ کہتی تھیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے سینہ اور

بین سحری ونحری فی نوبتی لم اظلم فیہ احدا فمن سفہی وحداثۃ
[illegible]

يتعوذ بهذه الكلمات أذهب الباس رب الناس واشف أنت الشافي لا شفاء
ان کلمات کے ساتھ اللہ کی پناہ دیتے تھے ان تکلیف کو دور کر اے پروردگار لوگوں کے اور شفا دے تو ہی شافی ہے کوئی شفا نہیں

إلا شفاؤك شفاء لا يغادر سقما متفق عليه قالت فلما ثقل رسول الله
بجز تیری شفا کے ایسی شفا دے کہ بیماری کو نہ چھوڑے یہ روایت بخاری و مسلم میں ہے عائشہ کہتی ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ

صلى الله عليه وسلم في مرضه الذي مات فيه أخذت بيده فجعلت أمسحه
علیہ وسلم اپنے مرض میں جس میں کہ وفات پائی بھاری ہو گئے تو میں نے آپ کا ہاتھ پکڑ کر ملنا شروع کیا

بها وأقولها فنزع يده مني ثم قال رب اغفر لي وألحقني بالرفيق الأعلى
اور وہی کلمات پڑھنے لگی سو اپنا ہاتھ مجھ سے چھڑا لیا پھر فرمایا الٰہی مجھکو بخش دے اور مجھکو رفیق اعلیٰ میں پہنچا دے

وكان هذا آخر ما سمعته من كلامه أخرجاه في الصحيحين وقال السهيلي
اور یہ آخر کا بول ہے جو سنے حضرت کے کلام میں سے یہ صحیحین میں منقول ہے اور سہیلی کہتا ہے کہ

وجدت في بعض كتاب الواقدي أن أول كلمة تكلم بها النبي صلى الله
میں نے واقدی کی کسی کتاب میں دیکھا ہے کہ پہلا لفظ جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم

عليه وسلم وهو مسترضع عند حليمة الله أكبر وآخر كلمة تكلم بها الرفيق
بولے اس حال میں کہ حلیمہ کے پاس دودھ پیتے تھے اللہ اکبر ہے اور پچھلا کلمہ جو آپ بولے تو رفیق

الأعلى وروى الحاكم من حديث أنس أن آخر ما تكلم به صلى الله عليه وسلم
اعلیٰ ہے اور حاکم انس کی حدیث سے روایت کرتا ہے کہ پچھلا بول جو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم بولے یہ تھے

جلال ربي الرفيع كذا في المواهب اللدنية وعن عائشة أنها قالت آخر ما
جلال ربی الرفیع جلال بڑے رب کا ترجمہ مواہب لدنیہ میں یوں ہی ہے اور عائشہ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ

عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم أن قال لا يترك بجزيرة العرب دينان
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا آخری عہد یہ ہے کہ فرمایا کہ جزیرہ عرب میں دو دین باقی نہ چھوڑے جاویں

وقالت أم سلمة كانت عامة وصية رسول الله صلى الله عليه وسلم عند موته
اور ام سلمہ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی علی العموم وصیت موت کے وقت یہ تھی کہ

الصلوة وما ملكت أيمانكم حتى جعل يلجلجها في صدره وما يفيض بها
نماز قایم رکھو اور لونڈی اور غلاموں کا حق ملحوظ رکھو یہانتک کہ سینہ میں آواز پھرتی تھی اور زبان نہ چلتی

لسانه كذا في الاكتفاء وعن أنس كانت وصية رسول الله صلى الله عليه وسلم
اور یہی بات کرتی تھی ایسا اکتفا میں ہے اور انس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی وصیت

۶۵ برس [illegible] ۶۲ [illegible] ۶۳ [illegible]

من كل فائت الحديث ثم ذهب الرجل فقال أبو بكر علي بالرجل فنظروا

فائت شدہ کا بدلہ ہے تمام حدیث کا بعد وہ شخص چلا گیا تب ابو بکر نے کہا اس شخص کو پکڑ کے لاؤ پس لوگوں نے دیکھا

يمينا وشمالا فلم يروا أحدا فقال أبو بكر لعل هذا الخضر جاء يعزينا

داہنے اور بائیں پس کسی کو نہ پایا پھر ابو بکر نے کہا شاید یہ خضر ہیں ہماری تعزیت کو آئے تھے

ورواه ابن أبي الدنيا من حديث علي بن أبي طالب وتكلموا فيه

اور اسکو ابن ابی الدنیا نے علی بن ابی طالب رض کی حدیث سے روایت کیا ہے اور کلام کیا ہے اس میں

وقد رواه الشافعي في الأم والبيهقي في ذكر الخضر كذا في المواهب اللدنية

اور شافعی نے اسکو ام میں روایت کیا ہے اور بیہقی نے خضر کا ذکر میں ایسا ہی مواہب لدنیہ میں ہے

ذكر سنه صلى الله عليه وسلم عن ابن عباس قال أنزل على رسول الله

ذکر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر کا ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

صلى الله عليه وسلم وهو ابن أربعين وأقام بمكة ثلاث عشرة سنة وبالمدينة

پر اس وقت وحی اتری کہ وہ چالیس برس کے تھے اور مکہ میں تیرہ برس رہے اور مدینہ میں

عشر سنين وتوفي وهو ابن ثلاث وستين سنة أخرجاه في الصحيحين وكذا

دس برس اور وفات اس وقت پائی کہ وہ تریسٹھ برس کے تھے بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے اور یہی قول

الصحيح عن أبي بكر وعمر وعائشة ثلاث وستون وعن أنس أنه توفي

صحیح روایت ابو بکر اور عمر اور عائشہ سے تریسٹھ برس کی ہے اور انس سے روایت ہے کہ وفات ہوئی

وله ستون سنة وفي رواية خمس وستون وصحح أبو حاتم في تاريخه

تب وہ ساٹھ برس کے تھے اور ایک روایت میں ہے پینسٹھ برس کے اور اسکو ابو حاتم نے اپنی تاریخ میں صحیح کہا ہے

وفي تاريخ ابن عساكر ثنتان وستون سنة ونصف وفي كتاب ابن أبي خيثمة

اور تاریخ ابن عساکر میں باسٹھ برس اور چھ مہینے ہیں اور ابن ابی خیثمہ کی کتاب میں ہے

إحدى أو اثنتان لا أراه بلغ ثلاثا وستين وجمع بين الأقاويل بأن من

اکسٹھ یا باسٹھ برس میں نہیں جانتا کہ تریسٹھ کو پہنچے ہوں اور تمام اقوال کو جمع کیا ہے کہ جس نے

قال خمسا وستين حسب السنة التي ولد فيها والسنة التي قبض

پینسٹھ برس کہے ہیں اس نے ولادت کا سال اور وفات کا سال دونوں حساب میں لیے ہیں

فيها ومن قال ثلاثا وستين وهو المشهور أسقطهما ومن قال ستين

اور جس نے تریسٹھ برس کہے ہیں اور یہی مشہور ہے اس نے ان دونوں سال کو ساقط کیا ہے اور جس نے ساٹھ برس کہے

سجی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبض وهو فی حجری ثم وضعت
یہہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس حال مین وفات کی کہ وہ میری گود مین تھے پھر مینے آپکا

رأسه علی وسادته وقمت ألتدم مع النساء واضرب وجهی ولما توفی
سر مبارک آپ کے بالین پر رکھدیا اور عورتون کے ساتھہ روتے ہوئے اٹھی اور منہ پیٹنے لگی اور جب رسول اللہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جاء التعزیة یسمعون الصوت والحس
صلے اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی تو تعزیت والے آئے وہ لوگ آواز اور زمزمہ آواز سنتے تھے

ولا یرون الشخص السلام علیکم یا اهل البیت ورحمة اللہ وبرکاته
اور کوئی نظر نہین آتا تھا کہ السلام علیکم یا اہل بیت اللہ کی رحمت اور اسکی برکتین

کل نفس ذائقة الموت وانما توفون اجورکم یوم القیامة ان فی اللہ عزاء
ہر جان ہے سو مرنے والی ہے اور یہی ہے کہ تمہارا ثواب قیامت کے دن پورا ہوگا بیشک اللہ کی ذات مین تسلی ہے

من کل مصیبة وخلفا من کل هالک ودرکا من کل فائت فباللہ فثقوا
مصیبت کی تعزیت ہے اور ہر ایک ہلاک کا عوض ہے اور ہر ایک فائت کا پانیوالا ہے پس اللہ ہی پر بھروسا کرو

وایاه فارجوا فان المصاب من حرم الثواب السلام علیکم ورحمة اللہ
اور اسی سے امیدوار رہو اور مصیبت زدہ وہی ہے جو ثواب سے محروم رہا اور تمپر سلام اور اللہ کی رحمت

وبرکاته فقال علی اتدرون من هذا هو الخضر علیه السلام کذا فی المشکوة نقلا
اور برکات تب علی رضی اللہ عنہ بولے کیا جانتے ہو یہہ کون ہے یہہ خضر علیہ السلام ہین یہہ مشکوۃ مین دلائل النبوۃ

من دلائل النبوة وروی عن انس قال لما قبض رسول اللہ صلی اللہ
سے منقول ہے اور انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی

علیه وسلم اجتمع اصحابه حوله یبکون فدخل علیهم رجل طویل شعر
وفات ہوئی تو آپکے گرد صحابہ رضی اللہ عنہم جمع ہو کے روتے تھے پاس ایک شخص آیا اسکی بال مونڈھون تک

المنکبین فی ازار ورداء یتخطی اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم
دراز تھے لنگی اور چادر مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ مین گھسا پھلانگتا آتا تھا

حتی اخذ بعضادتی باب البیت فبکی علی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ثم
یہانتک کہ گھر کے دروازہ کی چوکھٹ پکڑی اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر رویا پھر

اقبل علی اصحابه فقال ان فی اللہ عزاء من کل مصیبة وعوضا
اصحاب کیطرف متوجہ ہو کر کہا بیشک اللہ ہی سے ہر ایک مصیبت کی تعزیت ہے اور

تسبيح الملائكة دهش الناس كما روي عن غير واحد من الصحابة وطاشت

فرشتوں کی تسبیح بلند ہوئی تو تمام لوگ مدہوش متحیر ہو گئے چنانچہ کئی صحابہؓ سے روایت ہے اور انکے ہوش و

عقولهم وأقحموا واختلطوا فمنهم من خبل ومنهم من أصمت ومنهم من

حواس اڑ گئے اور پراگندہ عقل ہو گئے اور بعضوں کو جنون ہو گیا اور کوئی چپ رہ گیا اور کوئی

أقعد إلى الأرض فكان عمر رضي الله عنه ممن خبل وجعل يصيح ويقول إن رجالا من

زمین پر پڑا رہ گیا سو عمرؓ انہیں میں تھے جنکو جنون ہو گیا اور چیخنا شروع کیا یہ کہتے تھے بعضے منافق لوگ یہ

المنافقين يزعمون أن رسول الله صلى الله عليه وسلم مات وإنه والله ما مات

کہتے ہیں کہ رسول الله صلے الله علیہ وسلم مر گئے اور وہ بیشک الله کی قسم نہیں مرے

ولكنه ذهب إلى ربه كما ذهب موسى بن عمران فقد غاب عن قومه أربعين

پر وہ اپنے رب کے پاس گئے ہیں جیسے موسیٰ بن عمران گئے تھے بے شک اپنی قوم سے چالیس رات

ليلة ثم رجع إليهم بعد أن قيل قد مات والله ليرجعن رسول الله صلى الله

غائب رہے پھر آئے پاس اپنے بعد اس کے کہ کہے گئے تھے کہ موسیٰ مر گئے الله کی قسم رسول الله صلی الله علیہ وسلم

عليه وسلم كما رجع موسى فليقطعن أيدي رجال وأرجلهم زعموا أن رسول

الله پھر آئیں گے جیسے موسیٰ پھر آئے اور کاٹیں گے ان لوگوں کے ہاتھ اور پاؤں جو کہتے ہیں کہ رسول

الله صلى الله عليه وسلم مات وفي بعض الروايات أن عمر قائم بسيفه وقال

الله صلی الله علیہ وسلم مر گئے اور بعض روایات میں یہ ہے کہ عمرؓ نے تلوار کا قبضہ ہاتھ میں لیا اور کہا

لا أسمع أحدا يقول مات رسول الله صلى الله عليه وسلم إلا ضربته بسيفي

کسی سے یہ نہ سنونگا کہ رسول الله صلی الله علیہ وسلم مر گئے نہیں تو اس کو تلوار سے مار ڈالونگا

هذا وأما عثمان بن عفان فخرس حتى جعل يذهب به ويجاء ولا يتكلم إلا بعد

اور یہ کہ عثمان بن عفانؓ سو گونگے ہو گئے یہاں تک کہ ان کو کوئی لیجاتا اور لے آتا اور نہیں بولتے مگر

الغد وأقعد علي فلم يستطع حراكا وأضني عبد الله بن أنيس فمات

دن بعد اور علیؓ بیٹھے رہ گئے حرکت نہیں کر سکتے تھے اور عبد الله بن انیس بیمار ہو گئے پھر

كمدا ولم يكن فيهم أثبت وأحزم من أبي بكر والعباس وفي رواية وكان

مر گئے اور ان میں ثابت قدم اور ہوشیار ابو بکرؓ و عباسؓ سے زیادہ کوئی نہیں تھا اور ایک روایت میں

أثبتهم أبا بكر جاء وعيناه تهملان وزفراته تتردد وغصصه تتصاعد

ثابت قدم ابو بکرؓ تھے آئے اور دونوں آنکھوں سے آنسو بہتے تھے اور سانس اور آہ

اسقط الکسور ومن قال اثنین ونصفا کانہ اعتمد علی حدیث فی الاکلیل

جسنے کسر کو ساقط کیا اور جسنے ڈھائی برس کہے تو اسنے اس حدیث پر عمل کیا ہے جو اکلیل میں مذکور ہے کہ

وفیہ کلام لم یکن نبی الا عاش نصف عمر اخیہ الذی قبلہ وقد عاش

اور اسمیں گفتگو ہے کوئی نبی نہیں گذرا ہے مگر اپنے بھائی پہلے نبی کی آدھی عمر جیا ہے اور بیشک

عیسی علیہ السلام خمسا وعشرین سنۃ ومائۃ ومن قال احدی او اثنین

عیسی علیہ السلام ایک سو پچیس برس جیتے تھے اور جسنے اکسٹھ یا باسٹھ برس کہے ہیں

فشک ولم یتیقن وکل ذلک انما نشأ من الاختلاف فی مقامہ بمکۃ بعد

سو اسکو شک واقع ہوا یقین نہیں کہا ہے اور یہ تمام اقوال اسی اختلاف پر مبنی ہے کہ بعثت کے بعد مکہ میں

البعثۃ واللہ اعلم کذا فی سیرۃ مغلطای

کتنا رہے واللہ اعلم یہ سیرت مغلطائی میں ہے

ذکر وقت وفاتہ

ذکر حضرت صلعم کی وفات کے وقت کا

صلعم توفی یوم الاثنین بلا خلاف ونصف النہار لاثنتی عشرۃ لیلۃ خلت

حضرت صلعم پیر کے دن بلا خلاف دوپہر کو ربیع الاول میں

من ربیع الاول سنۃ احدی عشرۃ من الہجرۃ ضحی فی مثل الوقت الذی

گیارہ ہجری کی بارہویں تاریخ چاشت کے وقت جیسے وقت مدینہ میں داخل ہوئے تھے

دخل فیہ وعن ابن عباس ولد صلی اللہ علیہ وسلم یوم الاثنین واستنبی

وفات پائی اور ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیر کے دن پیدا ہوئے اور پیر کے

یوم الاثنین وخرج مہاجرا من مکۃ الی المدینۃ یوم الاثنین ودخل

دن نبوت ہوئی اور پیر کے دن مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کی اور پیر کے دن مدینہ میں

المدینۃ یوم الاثنین ورفع الحجر یوم الاثنین وقبض یوم الاثنین وقبض

داخل ہوئے اور حجر اسود کو پیر کے دن اٹھایا اور پیر کے دن وفات پائی اور رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم فی کساء ملبد قال ابو بردۃ اخرجت الینا عائشۃ کساء

صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پیوند دوختہ میں ہوئی ابو بردہ کہا ہے عائشہ نے ہمکو کپڑا پیوند لگا ہوا

ملبدا وازارا غلیظا فقالت قبض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ہذین

اور موٹی ازار نکال کر دکھائی پھر کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کپڑوں میں وفات پائی

وفی الاکتفاء ولما توفی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وارتفعت الرنۃ علیہ و

بنت خارجة وكان عليه السلام اذن له في الذهاب اليها فسل عمر بن الخطاب سيفه

[illegible]

وتوعد من يقول مات رسول الله صلى الله عليه وسلم فاقبل ابو بكر

[illegible]

من السنح حين بلغه الخبر الى بيت عائشة فدخل فكشف عن وجه

[illegible]

رسول الله صلى الله عليه وسلم فجثى يقبله ويبكي ويقول توفي والذي

[illegible]

نفسي بيده صلوات الله عليك يا رسول الله صلى الله عليه وسلم ما

ذات کی جسکے قبضہ میں میری جان ہے خدا کی صلوات تجپر یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اطيبك حيا وميتا ذكره الطبري في الرياض وفي بعض الروايات فوضع

کیا ہی پاکیزہ ہو جیتے جی اور مرے پر [illegible]

الى د عن وجهه ووضع فاه على فيه واستنشا الريح ثم سجاه اى يسم

[illegible]

ريح الموت وروى عن عائشة ان ابا بكر اقبل على فرس من مسكنه بالسنح

[illegible]

منازل بني الحارث بن الخزرج بعوالي المدينة بينه وبين منزل

[illegible]

النبي صلى الله عليه وسلم ميل قال حتى نزل فدخل المسجد فلم يكلم الناس

[illegible]

حتى دخل على عائشة فتيمم رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو مغشى

[illegible]

بثوب حبرة فكشف وجهه ثم اكب عليه فقبله وبكى ثم قال بابي انت وامي والله

[illegible]

لا يجمع الله عليك موتتين اما الموتة الاولى التي كتبت عليك

[illegible]

[illegible]

وترفع فدخل على النبي صلى الله عليه وسلم فأكب عليه فكشف الثوب عن وجهه

وقال طبت حيا وميتا وانقطع لموتك ما لم ينقطع لاحد من الانبياء

فعظمت عن الصفة وجللت عن البكاء ولو ان موتك كان اختيارا

لجدنا لموتك بالنفوس اذكرنا يا محمد صلى الله عليه وسلم عند ربك ولنكن

من بالك وفي رواية لما مات رسول الله صلى الله عليه وسلم اختلفوا في انه

هل مات ام لا فقال انس لما توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم بكى الناس

فقام عمر بن الخطاب في المسجد خطيبا فقال لا اسمعن ان محمدا صلى

الله عليه وسلم قد مات ولكن ارسل اليه كما ارسل الى موسى بن عمران فلبث

عن قومه اربعين ليلة والله لارجو ان يقطع ايدي رجال وارجلهم

يزعمون انه قد مات قال عكرمة ما زال عمر يتكلم ويوعد الناس حتى

ازبد شدقاه فقال العباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم يأسن

كما يأسن الناس وانه قد مات فادفنوا صاحبكم ولما توفي رسول

الله صلى الله عليه وسلم كان ابو بكر غائبا بالسنح يعني العالية عند زوجته

حتی تلاها ابوبکر وفی صحیح البخاری لما تکلم ابوبکر جلس عمر فحمد الله

یہاں تک کہ ابوبکر نے یہ آیت پڑھی اور صحیح بخاری میں ہے کہ ابوبکر نے جب گفتگو شروع کی تو عمر بیٹھ گئے پس ابوبکر نے

ابوبکر واثنی علیه وقال الا من کان یعبد محمدا فان محمدا قد مات

اللہ کی حمد و ثنا کی اور کہا سنو صاحبو جو شخص محمد کی پرستش کرتا تھا سو بیشک محمد مر گئے

ومن کان یعبد الله فان الله حی لا یموت وقال انک میت وانهم

اور جو شخص اللہ کی پرستش کرتا تھا سو اللہ بیشک زندہ ہے نہیں مرے گا اور اللہ تعالی نے فرمایا ہے بیشک تو مرنے والا ہے اور بیشک وہ

میتون وقال وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل الآیة

مرنے والے ہیں اور یہ فرمایا ہے اور نہیں ہیں محمد مگر پیغامبر کہ اس سے پہلے بہت پیغامبر گذر چکے ہیں آخر آیت تک

قال فنشج الناس یبکون وفی حدیث ابن عمر عند ابن ابی شیبة ان ابابکر

راوی کہتا ہے پھر لوگوں کی [illegible] بندھ گئی اور ابن عمر کی حدیث میں ہے ابن ابی شیبہ کے پاس کہ ابوبکر

مر بعمر وهو یقول ما مات رسول الله صلی الله علیه وسلم حتی یقتل الله

عمر کے پاس سے نکلے [illegible] کہ رہے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں مرے یہاں تک کہ اللہ مارے منافقین کو

المنافقین وفی روایة حتی یفنی المنافقین قال وکانوا اظهروا الاستبشار

ہلاک کر دے اور ایک روایت میں ہے یہاں تک کہ فنا کر دے منافقوں کو راوی کہتا ہے اور منافق بہت خوشیاں منا رہے تھے

ورفعوا رءوسهم فقال ایها الرجل ان رسول الله صلی الله علیه وسلم

اور سر اٹھا رہے تھے پس ابوبکر نے کہا اے شخص بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

قد مات الم تسمع الله یقول انک میت وانهم میتون وقال وما جعلنا

مر گئے کیا تو نے نہیں سنا کہ اللہ تعالی فرماتا ہے بیشک تو مرنے والا ہے اور بیشک وہ مرنے والے ہیں اور اللہ نے فرمایا اور نہیں کیا ہم نے

لبشر من قبلک الخلد ثم اتی المنبر الحدیث وعن انس بن مالک انه سمع

تجھ سے پہلے کسی آدمی کو ہمیشہ جینا پھر ابوبکر منبر پر چڑھے آخر حدیث تک اور انس بن مالک سے روایت ہے کہ انہوں نے سنا

عمر بن الخطاب حین بویع ابوبکر فی مسجد رسول الله صلی الله علیه

عمر بن خطاب سے جس وقت بیعت ہوئی ابوبکر کی بیچ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد کے

وسلم واستوی علی منبر رسول الله صلی الله علیه وسلم تشهد ثم قال اما بعد

واقع ہوئی اور بیٹھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر کلمہ شہادت پڑھا پھر کہا اما بعد

فانی قلت لکم امس مقالة وانها لم تکن کما قلت والله انی ما وجدت

بیشک میں نے کل ایک بات کہی تھی وہ بات ایسی نہیں تھی جیسے کہ میں نے کہی تھی اللہ کی قسم میں نے وہ بات [illegible]

فقد متها رواه البخاري اختلف في قول ابي بكر رض لا يجمع الله عليك
سو چکھ چکا ہے اسکو بخاری نے روایت کیا ہے ابو بکر رض کے اس قول کی تفسیر میں کہ تجپر اللہ دو موت جمع نہیں کریگا
موتتين فقيل هو على ظاهره اشار بذلك الى الرد على من زعم انه
اختلاف ہے کوئی کہتا ہے اسکو یہی ظاہر معنی ہیں یعنی یہ اشارہ ہے بطرف رد اس شخص کے جو گمان کرتا ہے کہ آپ
سيحيى فيقطع ايدي رجال لانه لو صح ذلك للزم ان يموت موتة اخرى
زندہ ہو کر آوینگے پھر لوگوں کے ہاتھ کاٹینگے کیونکہ اگر یہ قول صحیح ہو تو لازم آوے کہ دوبارہ مرین
فاخبر انه اكرم على الله من ان يجمع عليه موتتين كما جمعهما على غيره
سو ابو بکر رض نے خبر دی کہ حضرت کا درجہ اللہ کے نزدیک زیادہ بزرگ ہے کہ اُنپر دو موت جمع کرے جیسے کہ اوروں پر جمع کی ہے
كالذين خرجوا من ديارهم وهم الوف وكالذي مر على قرية وقيل
اُن لوگوں کے مانند جو اپنے گھروں سے نکلے اور وہ ہزاروں تھے اور مانند اس شخص کے جو ایک گاؤں پر گزرا اور کوئی کہتا ہے
اراد انه لا يموت موتة اخرى في القبر كغيره اذ يحيى ليسأل ثم يموت
اس سے یہ مراد ہے کہ دوبارہ قبر میں موت نہوگی جیسے اوروں کو ہوتی ہے کہ زندہ کیا جاتا ہے تاکہ اس سے سوال ہو پھر مر جاتا ہے
وقيل لا يجمع الله موتك وموت شريعتك وقيل كنى بالموت الثاني
اور کوئی کہتا ہے کہ اللہ تعالی تیری موت اور تیری شریعت کی موت جمع نہیں کریگا اور کوئی کہتا ہے کہ موت ثانی سے
الكرب اي لا تلقى بعد كرب هذا اليوم كربا اخر قاله في فتح الباري وعن
کرب مراد لی ہے یعنی آج کے کرب کے بعد اور کوئی کرب نہیں ہوگی یہ فتح الباری کا قول ہے اور ابن
ابن عباس رض ان ابا بكر خرج وعمر يكلم الناس فقال اجلس يا عمر فابى
عباس رض سے روایت ہے کہ ابو بکر رض باہر آئے اس وقت عمر رض لوگوں سے باتیں کرتے تھے پس ابو بکر رض نے کہا اے عمر بیٹھ جا
عمر ان يجلس فاقبل الناس الى ابي بكر وتركوا عمر فقال ابو بكر من كان
عمر رض نے بیٹھنے سے انکار کیا پھر وہ لوگ عمر رض کو چھوڑ کر ابو بکر رض کیطرف متوجہ ہوگئے پس ابو بکر رض نے کہا تم میں سے
منكم يعبد محمدا فان محمدا صلى الله عليه وسلم قد مات ومن كان يعبد
جو کوئی محمد کی پرستش کرتا تھا سو محمد صلے اللہ علیہ وسلم تو مر گئے اور جو کوئی اللہ کی پرستش
الله فان الله حي لا يموت قال الله تعالى وما محمد الا رسول قد خلت من
کرتا تھا سو اللہ تعالی زندہ ہے کبھی نہیں مریگا اللہ تعالی فرماتا ہے اور نہیں ہے محمد مگر پیغمبر کہ اس سے پہلے بہت پیغمبر
قبله الاية قال والله فكان الناس لم يعلموا ان الله انزل هذه الاية
[illegible]

فلم ار الا سعد الذابح فعلمت ان النبي صلى الله عليه وسلم قد قبض

تو سوائے سعد ذابح کوئی ستارہ نظر نہ آیا پس میں جان گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہو گئی

او هو ميت فقدمت المدينة ولاهلها ضجيج بالبكاء كضجيج الحجيج

یا وہ قریب الموت ہیں لہذا میں مدینہ میں آیا اور دیکھا کہ وہاں کے لوگ رو رو کر شور مچا رہے تھے جیسے حاجیوں کی آواز

اذا اهلوا بالاحرام فقلت مه فقيل قبض رسول الله صلى الله عليه وسلم

جب احرام باندھ کر لبیک پکارتے ہیں میں نے پوچھا کیا ہے کہنے لگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہو گئی

وفي حيوة الحيوان للدميري عن الواقدي عن شيوخه انهم قالوا لما

اور دمیری کے حیوۃ الحیوان میں ہے واقدی اپنے شیوخ سے نقل کرتا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ جب

شك في موت النبي صلى الله عليه وسلم وضعت اسماء بنت عميس

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی موت میں شک پیدا ہوا تو اسماء بنت عمیس نے

يدها بين كتفيه فقالت توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم قد رفع

اپنا ہاتھ حضرت کے کندھوں کے بیچ میں رکھا اور بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہو گئی اور ختم نبوت

الخاتم من بين كتفيه وكان هذا الذي عرف به موت النبي صلى

کندھوں میں سے خاتم نبوت اٹھ گئی یہی بات تھی جس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی

الله عليه وسلم اخرجه البيهقي وابو نعيم وروي عن ام سلمة انها قالت

موت معلوم ہوئی اس کو بیہقی اور ابو نعیم نے نقل کیا ہے اور ام سلمہ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ

وضعت يدي على صدر رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم مات فمر بي

میں نے اپنا ہاتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ پر رکھا جس روز وفات ہوئی سو مجھ پر

جمع آكل الطعام واتوضأ ما يذهب ريح المسك من يدي واخرج

جمعے گزر گئے کہ میں کھانا کھاتی ہوں اور وضو کرتی ہوں پر میرے ہاتھ سے مشک کی خوشبو نہیں جاتی اور ابو نعیم

ابو نعيم عن علي قال لما قبض رسول الله صلى الله عليه وسلم صعد ملك

علی سے نقل کرتا ہے کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو ملک الموت

الموت باكيا الى السماء والذي بعثه بالحق لقد سمعت صوتا ينادي

روتا ہوا آسمان پر چڑھ گیا قسم ہے اس ذات کی جس نے نبی کو برحق بھیجا ہے میں نے آواز سنی

من السماء يا محمداه كل المصائب تهون عند هذه المصيبة وفي سنن ابن ماجه

کوئی پکارتا ہے یا محمداہ تمام مصائب حضرت کی مصیبت کے سامنے آسان ہیں اور سنن ابن ماجہ میں ہے

المقالة التي قلت لكم في كتاب الله ولا في عهد رسول الله صلى الله عليه
جو تمہیں کہی تھی وہ کتاب اللہ میں پائی نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

وسلم ولكني كنت ارجو ان يعيش رسول الله صلى الله عليه وسلم يدبرنا
سنت میں ولیکن میں یہی امید کرتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پیچھے تک جیتے رہیں

اي يكون آخرنا موتا او كما قال فاختار الله عز وجل لرسوله الذي عنده
اور ہم سے پیچھے موت پاویں یا کوئی اور لفظ کہا سو اللہ عز وجل نے اپنے رسول کیلئے وہی پسند کیا جو ان کے پاس

على الذي عندكم وهذا الكتاب الذي هدى الله به رسوله فخذوا
ہے بہ نسبت اس کے جو تمہارے پاس ہے اور یہ وہ کتاب ہے جس سے اللہ نے اپنے رسول کو ہدایت کی ہے اسکو لے لو

به تهتدوا كما هدى به رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ابو نصر كأنه
تاکہ تم ہدایت پاؤ جیسے کہ ہدایت ہوئی ساتھ اس کتاب کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ابو نصر کہتا ہے گویا کہ عمرؓ وہ

قال ما قال لعظيم ما ورد عليه وخشي الفتنة وظهور المنافقين فلما
تمام قول اپنی سخت مصیبت کے سبب تھا اور فتنے کے ظہور اور منافقوں کے غلبہ سے خوف کیا پھر جب

شاهد قوة يقين الصديق الاكبر رض وتفوهه بقول الله عز وجل كل
صدیق اکبرؓ کے یقین کی قوت دیکھی اور انکا قایل ہوا اللہ کی اس بات کا ہر ایک

نفس ذائقة الموت وقوله انك ميت وانهم ميتون انتهى واخرج
جان موت کو چکھنے والی ہے اور اللہ کے اس فرمانے کا بیشک تو مرنے والا ہے اور بیشک وہ بھی مرنے والے ہیں بس ختم ہوا اور روایت کی ابن

ابن عساكر عن ابي ذويب الهذلي قال بلغنا ان النبي صلى الله عليه وسلم
عساکر نے ابو ذویب ہذلی سے نقل کرتا ہے کہتا ہے کہ ہم کو یہ خبر پہنچی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

عليل فاوجس اهل الحي خيفة وبت بليلة طويلة حتى اذا كان
بیمار ہیں سو اہل حی خوف سے دھڑک گئے اور میری رات دراز ہو گئی یہاں تک کہ جب فجر

قرب السحر نمت فهتف هاتف وهو يقول شعر خطب اجل اناخ
ہو نزدیک تھی تو میں سو گیا پس اتفاقاً ایک آواز دینے والے کو سنا اور وہ یہ کہتا تھا شعر بڑا سخت حادثہ ہے کہ اسلام کو

بالاسلام بين النخيل ومقعد الاطام قبض النبي محمد فعيوننا تسكب
پہنچا ہے [illegible] نخلستان میں اور سنگین مکانات کی نشستگاہ میں محمد نبی صلعم کی وفات ہوئی سو ہماری آنکھیں

الدموع عليه بالاسجام فوثبت من نومي فزعا فنظرت الى السماء
بہتے آنسو ٹپکاتی ہیں اس موت پر بہت جاری ہو کر تب میں اپنی نیند سے ڈر کر اچھل پڑا اور آسمان کی طرف نگاہ کی

فانه كان طاهرا فقال العباس الا بلى وقال اهل البيت صدق فلا

کیونکہ حضرت علیہ السلام پاک ہیں عباسؓ نے فرمایا ہاں اور اہل بیت نے کہا کہ آواز سچی ہے پس مت

تغسلوه فقال العباس لا ندع سنة لصوت لا ندري ما هو وغشيهم

نہلاؤ پھر عباسؓ نے جواب دیا کہ ہم سنت کو اس آواز کی وجہ سے جس کو ہم نہیں جانتے کیا ہے ترک نہیں کریں گے اور نیند دوبارہ

النعاس ثانية فناداهم مناد فانتبهوا به وهو يقول اغسلوا رسول الله

غالب ہوگئی پھر ان کو کسی پکارنے والے نے آواز دی پھر ہوشیار ہو گئے وہ کہتا تھا رسول اللہ صلی اللہ

صلى الله عليه وسلم وعليه ثيابه فقال اهل البيت الا الا فقال الا نعم وقد كان

علیہ وسلم کو کپڑوں سمیت نہلاؤ تو اہل بیت نے کہا سنو یہی ہے پھر عباسؓ نے کہا سنو جی ہاں اور عباسؓ نے

